انڈونیشیا کے وفد کی ملاقات

☆ اس کے بعد انڈونیشیا سے آنے والے دو پروفیسر حضرات نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے ملاقات کی سعادت پائی۔

ان میں ایک پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم یونس صاحب تھے، جو علاؤالدین اسلامک سٹیٹ یونیورسٹی Makasar میں اسلامک ہسٹری کے پروفیسر ہیں اور دوسرے دوست ڈاکٹر عبد المطلب Juri صاحب جو Antasari اسلامک اسٹیٹ یونیورسٹی Banjarmasin میں پروفیسر ہیں۔

☆ ان دونوں مہمانوں نے اپنا تعارف کروایا اور بتایا کہ وہاں جماعت سے ہمارا تعلق ہے۔

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے ان دونوں مہمانوں سے جلسہ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ انہوں نے بتایا کہ جلسہ کے انتظامات اچھے تھے۔ یہاں سب والنٹیئرز کے طور پر کام کر رہے تھے اور پڑھے لکھے لوگ تھے۔ اس بات نے ہمیں حیران کیا۔ ایسا کسی اور جگہ پر ہم نے کبھی نہیں دیکھا۔ آپ بڑے پُرامن لوگ ہیں اور اتنا بڑا مجمع تھا اور کوئی لڑائی جھگڑا یا فساد نہیں تھا۔

☆ اس پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا کہ ہم ہر ایک کو امن و سلامتی دیتے ہیں۔ ہم لوگوں کو زندگی دیتے ہیں، لیتے نہیں ہیں۔

☆ پروفیسر صاحبان کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے یہ ملاقات ایک بج کر بیس منٹ پر ختم ہوئی۔

☆ بعد ازاں ان دونوں مہمانوں نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف پایا۔